21/06/2025

09.20 AM(5 min)

Signature Tune

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

اب آپ عمر مختار سے خبریں سُنئے

یوگا

آج یوگا کا11 واں بین الاقوامی دن ہے ۔ اس سلسلے میں بیشتر ممالک میں یوگا پروگراموں کا انعقاد کیا جا رہا ہے جن میں کروڑوں کی تعداد میں لوگ شرکت کر کے یوگا کر رہے ہیں ۔ ملک بھر میں آج صبح یوگا کی تقریبات منعقد ہوئیں ۔ وِشاکھا پٹنم میں وزیر اعظم نریندر مودی نے یوگ پروگرام میں شرکت کی ۔ اس پروگرام میں تقریباً تین لاکھ افراد نے حصہ لیا ۔ اس موقعہ پر اپنی تقریر میں وزیر اعظم نے کہا کہ یوگ کو ایک عالمی تحریک بنانے کے لئے بھارت تمام وسائل بروئے کار لا رہا ہے ۔

یوگا JK

جموں کشمیر میں بھی یوگ کے بین الاقوامی دن کے سلسلے میں پروگرام منعقد کئے جا رہے ہیں جن میں سماج کے مختلف طبقوں سے تعلق رکھنے والے کئی افراد حصہ لے کر یوگ آسن کر رہے ہیں ۔ وادی میں صوبائی سطح کی سب سے بڑی یوگا تقریب سرینگر میں منعقد SKICC ہوئی ۔ جموں میں بھی یوگا کی ایک بڑی تقریب منعقد ہوئی ۔ جموں کشمیر کے سبھی اضلاع میں یوگا پروگرام منعقد کئے جانے کی خبریں موصول ہو رہی ہیں۔

یوگا مبارک باد

لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے یوگا کے 11 ویں بین الاقوامی دن کے موقعے پر عوام کو مبارک باد دی ہے ۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں انہوں نے کہا ہے کہ آج کا دن ذہنی اور جسمانی یکسوئی کا جشن منانے اور سماج میں رواداری کے جذبے کو فروغ دینے کا موقعہ فراہم کرتا ہے ۔

راج ناتھ سنگھ

وزیر دفاع راج ناتھ سنگھ نے کہا ہے کہ آپریشن سندور کے ذریعے بھارت نے دہشت گردی کے خلاف اپنا موقف دنیا کے سامنے رکھا ہے ۔ اس بات کا اظہار انہوں نے ادھمپور میں فوج کی شمالی کمان کے ہیڈ کوارٹر پر فوجی اہلکاروں کے ساتھ بات چیت کے دوران کیا ۔ انہوں نے کہا کہ وہ ہمسایہ ملک کو یہ پیغام دینا چاہتے ہیں کہ آپریشن سندور ختم نہیں ہوا ہے بلکہ اس کو فی الحال التواءمیں رکھا گیا ہے ۔

اس موقعہ پر فوج کے سربراہ جنرل اوپیندر دویدی اور شمالی کمان کے سربراہ لیفٹنٹ پرتیک شرما کے علاوہ کئی اعلیٰ فوجی افسران موجود تھے ۔

JDU

جنتا دل یونائیڈ جموں کشمیر کے صدر جی ایم شاہین نے وزیرداخلہ سے اپیل کی ہے کہ وہ جموں کشمیر میں SPOs کی تنخواہیں بڑھانے اور
ا

ن کو پولیس محکمے میں مستقل کرنے کیلئے مناسب اقدامات کریں۔دریں اثنا جی ایم شاہین نے ± وادی میں بڑھتی گر می کے پیش نظر تمام سکولوں میں گرما ئی تعطیلات کرنے کی انتظامیہ سے اپیل کی ہے ۔

پولیس

نشہ مکت بھارت ابھیان کے تحت اپنی سرگرمیاں جاری رکھتے ہوئے پولیس نے ایکسائیز محکمے کے اشتراک سے اونتی پورہ میں کاشت کی گئی بھنگ کی ایکبڑی مقدار کو تباہ کیا ہے۔اس دوران پولیس نے گاندربل میں جمشید مقبول وانی نامی ایک ڈرگ سمگلر کو گرفتار کیا ہے۔

محرم

محرم الحرام کے دوران عوام کو سہولیات بہم پہنچانے کیلئے ڈپٹی کمشنر سرینگر اکشے لابرو آفس سرینگر میں دن رات کام کرنے والا ایک کنٹرول روم قائم کیا گیا ہے۔ DC کی ہدایت پر کنٹرول روم کے نمبرات ہیں۔

0194-2457543

اور

0194-2457552

اس کے علاوہ کنٹرول روم کے ساتھ واٹس ایپ نمبرات

9103998355

9103998356

اور

9103998357

پر بھی رابطہ کیا جا سکتا ہے۔

ماک ڈرل

شری امرناتھ جی یاترا کے دوران پاتریوں کی سلامتی یقینی بنانے اور کسی بھی طرح کی قدرتی آفت سے نمٹنے کیلئے کل اننت ناگ میں ایک ماک ڈرل کا اہتمام کیا گیا۔ ہمارے نمائندے تصدق رشید کے مطابق ضلع انتظامیہ اورڈزاسٹرمنیجمنٹ کے مشترکہ اہتمام سے منعقدہ اس ماک ڈرل میں NDRF ،SDRF ،پولیس اور دیگر متعلقہ ایجنسیوں کے اہلکاروں اور رضا کاروں نے شرکت کی۔

ایران

جنگ سے متاثرہ ایران کے مختلف شہروں میں پھنسے بھارتیوں کو بحفاظت واپس وطن لانے کا سلسلہ جاری ہے ۔ آپریشن سندھو کے تحت آج صبح کئی بھارتی شہریوں کو لے کر ایک پرواز ترکمانستان سے نئی دلی پہنچی ۔ اس طرح ایران سے اب تک 517 بھارتی شہریوں کو واپس وطن لایا گیا ہے ۔

درجہ حرارت

سرینگر میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت23 اعشاریہ 2 ڈگری جبکہ جمو ں میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت 26 اعشاریہ2 ڈگری سیلسیس درج کیا گیا۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

خبروں کا اگلا بلیٹن دن میں بارہ بج کر تیس منٹ پر اردو میں نشر ہو گا ۔

ہمیں دیجئے اجازت

خدا حافظ